## ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کررہی ہے،الطاف حسین

## جب تک عوام، جاگیردارانہ نظام کے خلاف متحد نہیں ہونگے اور ملک وقوم کوترقی کی راہ پرگامزن نہیں کیا جاسکتا

## اگرملک بھر کےعوام نے ایم کیوایم کوموقع دیا تو وہ پاکستان سے اسٹیٹس کو کا خاتمہ کردے گی

## پنجاب کے معروف دانشوروں،شعراء،ادیبوں،کالم نگاروں،اینکر پرسن اور صحافیوں سے ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔24،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کررہی ہے اوراس جدوجہد میں صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کےعوام کومیدان عمل میں آنا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز پنجاب کے معروف دانشوروں،شعراء،ادیبوں،کالم نگاروں،اینکر پرسن اورصحافیوں سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے پنجاب کے دانشوروں،کالم نگاروں،صحافیوں اوراینکر پرسن کولاہور،ملتان اورراولپنڈی میں ایم کیوایم پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت بھی دی۔جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب عوام کے حقوق کا صرف نعرہ ہی نہیں لگایا بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے تعلیم یافتہ اور ایماندار افراد کو اسمبلیوں میں بھی بھیجا ہے اورحق پرست ارکان اسمبلی عوام کے بنیادی مسائل کے حل اور دکھی انسانیت کی عملی خدمت میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کا خاتمہ ہواورغریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوبھی حکمرانی کا حق حاصل ہو۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور جب تک ملک بھر کےعوام،فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف متحد نہیں ہونگے اورملک وقوم کوموروثی سیاست سے نجات دلانے کیلئے میدان عمل میں آکراپنا بھرپور کردارادا نہیں کریں گے ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم نہیں ہوسکے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کےعوام جاگیرداروں،وڈیروں،سرمایہ داروں اورموروثی سیاسی کلچر سے مایوس ہوچکے ہیں اوراپنے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی جانب امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگرملک بھر کےعوام نے ایم کیوایم کوموقع دیا تو ایم کیوایم نہ صرف پاکستان سے اسٹیٹس کو کا خاتمہ کریں گے بلکہ پاکستان سےفرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے ملک وقوم کوترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کردیں گے۔اس موقع پرپنجاب کے معروف دانشوروں،شعراء، ادیبوں،کالم نگاروں،اینکر پرسن اورصحافیوں نے پنجاب میں ایم کیوایم کے کنونشن کا پرجوش خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کےعوام بجلی،پانی،مہنگائی،بے روزگاری،تعلیم، صحت اوردیگر بنیادی مسائل کا شکار ہیں اوراپنے بنیادی مسائل کا حل چاہتے ہیں اورایم کیوایم کواپنا نجات دہندہ تسلیم کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم ملک کے سیاسی جمودکوتوڑکرسرمایہ داروں، جاگیرداروں اوروڈیروں کے قبضے سے ’’مقبوضہ پاکستان‘‘ کوآزاد کرانا چاہتی ہے،ڈاکٹر فاروق ستار

## لاہور کے مقامی ہوٹلوں، والٹن روڈاوردیگر مقامات پرمنعقدہ وکلاء،تنظیم پاسبان اورفنکاروں کے اجتماعات سے خطاب

لاہور۔۔۔24/اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک کے سیاسی جمودکوتوڑکرسرمایہ داروں، جاگیرداروں اور وڈیروں کے قبضے سے ’’مقبوضہ پاکستان‘‘ کوآزاد کرانا چاہتی ہے،انقلاب غریب ومتوسط طبقے ہی لایا کرتے ہیں جس میں وکلاء،ڈاکٹرز،مزدور،کسانوں اور طالب علموں کا بڑا کردار ہوتا ہے،ہم پاکستان میں ہرشخص کیلئے آزادی دلانے والا نظام چاہتے ہیں جس میں ہرایک کی پالیسی اور فیصلہ سازی میں شرکت اورشمولیت یقینی ہو وہ وقت زیادہ دورنہیں جب پنجاب سمیت ملک بھر میں پرامن عوامی انقلاب آئے گا۔یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز مقامی ہوٹلوں،لاہور کے علاقے والٹن اوردیگر مقامات پراپنے اورحق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے اعزاز میں دیئے استقبالیوں اورعوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹرصغیراحمد،سیف یارخان رکن سندھ اسمبلی سیدرضا حیدر، سابق وزیربلدیات محمدحسین،سابق مشیرسندھ نعمان سہگل،ایم کیوایم لاہورزون کےانچارج رانا یونس بھی موجود تھے جبکہ ان استقبالیوں اوراجتماعات سے محترمہ شازیہ ایڈووکیٹ، ارشد گونڈی،افتخاراعوان،عمرشریف،ہدایت کارسیدنور،میاں امجد،مبین الدین قاضی اوراعظم دانیال نے بھی خطاب کیا۔مقامی ہوٹل میں متحدہ لائرزفورم کے تحت ہونے والے استقبالیہ سے ڈاکٹر فاروق ستار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے مسائل کا حل اتنا مشکل نہیں صرف مضبوط ارادے کی ضرورت ہے،اگر پاکستان میں متوسط طبقے کا انقلاب لانا ہے تو پھر مسائل زدہ لوگوں کوحکومت اورحکمرانی کیلئے خودکوآگے لانا ہوگا جب مسائل زدہ لوگ ایوانوں میں جائیں گے تو بنیادی مسائل حل ہوسکیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ناممکنات یاراکٹ سائنس کی بات نہیں کرتی وہ عام مسائل کا حل سادہ انداز میں حل کرنا چاہتی ہے تاہم اس کے لئے قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ہم سب کومتحد

ہونا ہوگا جو شخصی آزادی دلانے والا نظام چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب میں کامیاب ہوگئی تو پنجاب کے عوام کے کم از کم دو فائدے لازمی طور پر ہوں گے ایک تو یہ کہ پنجاب میں بھی متوسط طبقے کا انقلاب آجائے گا دوسرے یہ کہ عام سیاسی جماعتوں کو بھی عوام کی فلاح و بہبود کیلئے زیادہ کام کرنا ہوگا۔ ایک اور مقامی ہوٹل میں فلم، اسٹیج، ٹی وی، گلوکاری اور فن وثقافت سے تعلق رکھنے والے فنکاروں کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم فلم انڈسٹری کی دوبارہ بحالی کیلئے نہ صرف قومی اسمبلی میں آواز اٹھائے گی بلکہ ضرورت پڑی تو ہم آسمان بھی سر پر اٹھالیں گے، کبھی کبھی ایسا بھی کرنا پڑتا ہے کیونکہ غریب ومتوسط طبقے کی بات کوئی آسانی سے نہیں سنتا، ہم فنکاروں کا مقدمہ لے کر ہر فورم پر جائیں گے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے فنکاروں کو 25، اپریل کے روز پنجاب کے الحمراء آرٹس کونسل میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانا چاہتی ہے جس کا مقصد پاکستان کے عوام کو مستحکم کرنا ہے اس کے بغیر مضبوط، مستحکم اور باوقار پاکستان کا تصور تک نہیں کیا جاسکتا، ہماری جمہوریت کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ فیصلہ اور پالیسی سازی میں عوام کو شریک نہیں کیا جاتا، الطاف حسین کی جدوجہد منی پیک گارنٹی ہے انہوں نے مولا جٹ کی طرح پنجاب کے جاگیرداروں کو للکارا ہے ایم کیوایم ہی پاکستان کے لئے تھرڈ آپشن ہے۔ تقریب میں عمر شریف، ہدایت کار سید نور، اداکار مصطفی قریشی، غلام محی الدین، بہار بیگم، ہدایت واداکار سنگیتا بیگم، گلوکار جواد احمد، فلم ڈائریکٹر الطاف حسین، فلم ڈائریکٹر شاہد ادیب، گلوکارہ شاہدہ منی، اداکارہ شیبا بٹ، صاحبہ، اداکار جان ریمبو، گلوکار عدیل برکی، جمشید ظفر، فلم ڈائریکٹر اسلم ڈار اور اداکار معمر رانا کے علاوہ دیگر فنکار بھی موجود تھے۔ ایک اور مقامی ہوٹل میں تنظیم پاسبان اور دیگر سیاسی جماعتوں کے عہدیداروں اور کارکنوں کی ایم کیوایم میں شمولیت کے موقع پر ہونے والے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاورق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کی ٹرین پاکستان کے پاسبانوں کی ٹرین ہے جو انہیں منزل مقصود تک ضرور پہنچائے گی ہم ایم کیوایم میں شامل ہونے والے نوجوانوں کو سینے سے لگاتے ہیں اور یقین دلاتے ہیں کہ انہوں نے ایم کیوایم میں مکمل عزت اور احترام ملے گا پاکستان کا اصل مسئلہ اور عوام اور سیاسی کارکنوں کی عزت نفس کی بحالی کا ہے اپنے مسائل کے حل کیلئے پنجاب کے عوام کو بھی اپنے درمیان سے قیادت پیدا کرنا ہوگا اب وقت آگیا ہے کہ چہرے نہیں نظام بدلا جائے اور موروثی سیاست کا خاتمہ کیا جائے۔

## لاہور ہائیکورٹ کے 100 سے زائد سینئر وکلاء اور مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماؤں وکارکنوں اور تاجروں کی ایم کیوایم میں شمولیت

### ایم کیوایم کا پیغام اور فکر وفلسفہ ہی ملک کی ترقی وخوشحالی اور عوام کے مسائل کے حل کا ضامن ہے، سینئر وکلاء

### شمولیت اختیار کرنے والوں میں پاسبان لاہور کے کئی عہدیدار اور کئی تاجر تنظیموں کے ارکان بھی شامل ہیں

لاہور۔۔۔23، اپریل 2010ء

لاہور ہائیکورٹ کے 100 سے زائد سینئر وکلاء اور مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماؤں وکارکنوں اور تاجروں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ سینئر وکلاء نے ایم کیوایم میں اپنی شمولیت کا اعلان لاہور کے مقامی ہوٹل میں متحدہ لائرز فورم کے تحت دیئے گئے استقبالیہ میں کیا۔ استقبالیہ میں لاہور ہائیکورٹ کے متعدد سینئر زمرد وخواتین وکلاء نے شرکت کی اور پنجاب میں ایم کیوایم کی سیاسی سرگرمیوں کو نہایت خوش آئند قرار دیا اور ایم کیوایم کے پیغام اور فکر وفلسفہ کو ملک کی ترقی وخوشحالی اور عوام کے مسائل کے حل کا ضامن قرار دیا۔ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں ممتاز قانون دان بیرسٹر ڈاکٹر سرشار، مس شبانہ بیگم، رضا قریشی، مس شازین ایڈووکیٹ، محمد طیب طاہر ایڈووکیٹ، ایس ایم حسنین ایڈووکیٹ، محمد طفیل بھٹہ ایڈووکیٹ، افتخار اعوان کالوں ایڈووکیٹ، ارشد ایڈووکیٹ، مس شازیہ ایڈووکیٹ، محترمہ نسرین ایڈووکیٹ، اے ڈی کالوں اور دیگر سینئر وکلاء شامل ہیں۔ ان تمام سینئر وکلاء نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی موجودگی میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم پر دستخط بھی کئے۔ ایک اور عوامی اجتماع میں مختلف سماجی تنظیموں اور تاجر تنظیموں کے عہدیداران شامل ہیں جن میں پاسبان لاہور کے جنرل سیکریٹری اعظم دانیال، نائب صدر شفیق چوہدری، صدر روای ٹاؤن لاہور پاسبان نصیر شاہ، جنرل سیکریٹری انجمن تاجران لاہور حارث خان کاکڑ، ایڈیشنل سیکریٹری پاسبان عرفان احمد صدیقی، آرگنائزر پاسبان سجاد حسن اعوان، کوآرڈینیٹر یوسی 74 امن کمیٹی عمران بٹ، نائب صدر نولکھا بازار انجمن تاجران عثمان خان کاکڑ، سیکریٹری جنرل پنجاب پختون ایسوسی ایشن لاہور لیاقت پٹھان، آرگنائزر فاروق سینٹر ٹریڈرز ایسوسی ایشن یٰسین چوہان، ٹاؤن آرگنائزر پاسبان شاہد سندھو، عاشق حسین ایڈووکیٹ، حاجی سلمان ہاشمی اور یوسی 125 مانگا منڈی کی خاتون کونسلر زبیدہ بی بی شامل ہیں۔ اجتماع سے ڈاکٹر سرشار، شازیہ ایڈووکیٹ، ارشد گوڈی اور افتخار اعوان کالوں نے خطاب کیا۔

## تاجراورصنعتکاربرادری ساتھ دے توچندسالوں میں ایم کیوایم ملکی اقتصادی اورمعاشی صورتحال بدل سکتی ہے،وسیم اختر
## اسلام آبادچیمبرآف کامرس اینڈانڈسٹری کی جانب سے دیئے جانے والےظہرانے سے خطاب

اسلام آباد:۔۔۔24/اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اخترنے کہاہے کہ تاجراورصنعتکاربرادری ایم کیوایم کے انقلابی منشورکا ساتھ دے ایم کیوایم ملکی اقتصادی اور معاشی صورتحال کوچندسالوں میں بدل سکتی ہے۔وہ اسلام آبادچیمبرآف کامرس اینڈانڈسٹری کی جانب سے دیئے جانے والےظہرانہ سے مہمان خصوصی کی حیثیت سے اظہارخیال کررہے تھے۔انہوں نے کہاکہ ملک میں موجودہ صورتحال کی بناء پرکس قسم کی کوئی سرمایہ کاری نہیں ہورہی ہے۔انہوں نے کہاکہ طویل دورانیہ کےلوڈشیڈنگ کے باعث چھوٹے تاجربہت متاثرہورہے ہیں۔انہوں نے کہاکہ حکومت کو چاہیئے کہ وہ ترجیجی بنیادوں پرملک بھرکےتاجروں کے مسائل کوحل کرے۔وسیم اخترنے کہاکہ ایم کیوایم تاجروں کے مسائل سے آگاہ ہےاورانہیں حل کرنے کی بھرپورکوشش کریگی۔انہوں نے کہاکہ آپ کے مسائل کےحل کیلئےحق پرست ارکان اسمبلی کاوفدعنقریب وزیراعظم  یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کرے گا۔ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے جناب وسیم اخترنے اسلام آبادکےتاجروں کوالطاف حسین کےفکروفلسفے سے آگاہ کیاہے۔اس موقع پراسلام آبادچیمبرکے صدرزاہدمقبول،چیئرمین فاؤنڈرگروپ منورمغل اورایگزیکٹوکمیٹی کے دیگرارکان بھی موجودتھے۔ایم کیوایم کےرکن قومی اسمبلی وسیم اخترنے چیمبرکےصدرزاہدمقبول اوردیگرمیں ایم کیوایم کےمنشورکی کاپیاں تقسیم کی۔اسلام آبادچیمبرآف کامرس کےنمائندوں نے تاجراورصنعتکاربرادری کوتوانائی کےبحران کے باعث درپیش مشکلات سے آگاہ کیااور درخواست کی کہ قائدتحریک الطاف حسین حکومت وقت سے ہمارے مسائل حل کرائیں کیونکہ ہمارےمسائل کاحل صرف الطاف حسین کے پاس ہے۔اسلام آبادچیمبرآف کامرس کےارکان نے کہاکہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہےاورہم اسے پنجاب میں خوش آمدید کہتے ہیں۔

## اگرلاہورزندہ دلان شہرہےتوکراچی بھی فراخ دلان شہرہے،ڈاکٹرفاروق ستار
## لاہورچیمبراف کامرس اینڈانڈسٹری میں صنعت کاروں،تاجروں اورچیمبرکےبزنس مین اراکین کےاوپن فورم سے خطاب

لاہور۔۔۔24،اپریل2010ء(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کےڈپٹی کنوینزاوروفاقی وزیربرائے سمندرپارپاکستانیز ڈاکٹرفاروق ستارنے کہاکہ اگرلاہورزندہ دلان شہرہےتوکراچی بھی فراخ دلان شہرہے، بجلی کےمسئلہ پرکسی سے کوئی تنازع نہیں ایم کیوایم نےصرف لوڈشیڈنگ کےحوالے سے کےای ایس سی کی کارکردگی پرتشویش کااظہارکیاتھاایم کیوایم کامطالبہ ہے کہ واپڈاکراچی کوساڑھے چھ سومیگاواٹ بجلی فراہم کرنے کےمعاہدے کااحترام کرے۔انہوں نے کہاکہ کالاباغ ڈیم کےمسئلے پرایم کیوایم کامئوقف واضح ہےاوراسے پذیرائی بھی ملی ہےایم کیوایم لاہورکےصنعت کاروں اورتاجروں کےمسائل سے آگاہ ہےاوران کےمسائل کوہرفورم پراٹھائے گی۔ایم کیوایم اوردیگرسیاسی جماعتوں کےعمل وکردارمیں واضح فرق موجودہےاس واضح فرق کوملحوظ خاطررکھاجائے۔وہ ہفتہ کےروزلاہورچیمبرآف کامرس اینڈانڈسٹری میں صنعت کاروں،تاجروں اورچیمبرکےبزنس مین اراکین کےاوپن فورم سےخطاب کررہے تھے جہاں انہوں نےصنعتکاروں،تاجروں اوران کےرہنماؤں کےتلخ وشیریں سوالات کےجوابات بھی دیئے۔اس موقع پرچیمبرزکےصدرظفراقبال چوہدری اوردیگرتاجررہنماؤں نے بھی خطاب کیاجبکہ اس موقع پرحق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال قادری،سابق مشیرسندھ نعمان سہگل اورایم کیوایم لاہورزون کےانچارج رانایونس بھی موجودتھے۔انہوں نے کہاکہ اگرملک کومستحکم اورترقی کی راہ پرگامزن کرناہےتوایکشن اورویژن کےساتھ ساتھ عوام کی شرکت وشمولیت کوبھی یقینی بنانا ہوگا،ہمیں فیصلہ کرناہوگاکہ ہمیں پاکستان کوایک ماڈرن اورفلاحی ریاست بناناہےیابیت اللہ محسود کاپاکستان بنانا ہے۔حکومت فیصلہ اورپالیسی سازی میں پہلےتونجی شعبےکوشامل کرےاورپھریہ دونوں اہم ادارےعوام کواپنےساتھ ملائیں توترقی کےحقیقی ثمرات عوام تک پہنچائے جاسکتے ہیں ترقی کرناکوئی مسئلہ نہیں ترقی کوبرقراررکھنابہرحال ایک مسئلہ ہےاب ترقی کاعمل مغرب سے مشرق میں منتقل ہورہاہےاس سےحکومت صنعت کاروں،تاجروں اورعوام کوفائدہ اٹھاناچاہیئے اگرہم آج ایسانہ کرسکےتوکل بھی نہیں کرسکیں گے۔ہم باہمی تنازعات ختم نہیں کرسکتے تواسےکم سےکم کرنےکی کوشش کرنی چاہیئے آج معیشت سیاست کےگھوڑے پرسواری کرتی ہے۔انہوں نے کہاکہ اگرفنڈلینڈجیساترقی پذیرملک نوکیاسیل فون بناسکتا ہےتوپاکستان ایساکیوں نہیں کرسکتا۔انہوں نےاس یقین کااظہارکیاکہ پاکستان کےنوجوانوں کی ذہانت کامعیارفنڈلینڈکےنوجوانوں سےزیادہ ہے،فنڈلینڈمیں نوکیاکی کمپنی سےمطالبہ کیاجائے کہ وہ پاکستان میں بھی اپنی ٹیکنالوجی منتقل کرےتاکہ پاکستان بھی نوکیاکی طرح پاکستان کےنام کی مناسبت سےاس پوکیارکھ کرخودبناسکے۔ڈاکٹرفاروق ستار نے کہاکہ بنگلہ دیش کی طرح پاکستان کےغریب عوام کوبھی مائیکروفنانسنگ کی ضرورت ہےجس سے پاکستان کی نوکروڑخواتین کوبھی مالی طورپربااختیاربنایاجائے۔انہوں نے کہاکہ

اگر کراچی میں ترقی کا انقلاب آسکتا ہے اور وہاں مصطفیٰ کمال ہوسکتا ہے تو پھر ایک اور مصطفیٰ کمال لاہور میں کیوں نہیں پیدا ہوسکتا ۔اگر پاکستان بھی اپنی افرادی قوت کا بھرپور استعمال کرے تو پھر کاسۂ گدائی لیکر گھومنے کی ضرورت نہیں رہے گی سمندر پار پاکستانیوں کو بھی پاکستانی شہری تسلیم کرنے کی ضرورت ہے جن کا ملک کی ترقی میں بڑا حصہ اور کردار ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ کالا باغ ڈیم کے مسئلے پر سیاسی جماعتوں کے درمیان مکالمہ ہونا چاہئے اور چھوٹے صوبوں کو بھی اس حوالے سے اعتماد میں لیا جائے اگر صوبوں کیلئے مالیاتی خودمختاری کا اعلان کردیا جائے تو ملک بھر میں ڈیموں کا مسئلہ حل ہوسکتا ہے ہم اس مقصد کے لئے آگے بڑھنے کیلئے تیار ہیں کوئی منصوبہ یا پالیسی اور فیصلہ عوام کے درمیان سے آئے گا تو ہی کالا باغ ڈیم کا مسئلہ حل ہوگا اوپر سے فیصلے مسلط کئے جائیں گے تو پھر کچھ بھی نہیں ہوسکے گا کالا باغ ڈیم کے مسئلے پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پانی کے مسئلے پر سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے ایم کیو ایم کے تحفظات ہیں اوورسیز پاکستانیوں میں اعتماد کی بحالی اور ان کی براہِ راست شرکت و شمولیت کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پالیسی بنائی جارہی ہے جس کی منظوری وفاقی کابینہ سے لی جائے گی۔

## ڈاکٹر فاورق ستار کی سیاست،معیشت اوراقصادیات پر گہری نظر،لاہور چیمبر کے صدر اور دیگر کا برملا اعتراف

لاہور۔۔۔24،اپریل2010ء(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار نے ہفتہ کے روز لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں منعقد ہونے والے ایک اوپن فورم سے خطاب کرتے ہوئے سیاست،معیشت اور اقصادیات پر اپنی مہارت اور گہری نظر ثابت کردی اور اپنے دلائل اور معلومات سے نہ صرف انہیں لاجواب کردیا بلکہ وہ حیران بھی ہوئے۔ڈاکٹر فاروق ستار کی سیاست،معیشت اور اقتصادیت پر مہارت اور گہری نظر کا اعتراف چیمبر کے صدر ظفر اقبال چوہدری اور سابق صدر شاہد شیخ سمیت دیگر صنعتکاروں نے اپنے خطاب میں ڈاکٹر فاورق ستار کی اس صلاحیت کا برملا اعتراف کیا اور کہا کہ قومی خزانے کی تقسیم،سیاست اور معاشی امور پر ڈاکٹر فاروق ستار گہری نظر اور جدیدترین معلومات رکھتے ہیں ایسی صلاحیت پاکستان کے بہت کم سیاستدانوں میں پائی جاتی ہے۔فاورق ستار نہ صرف تاجر برادری بلکہ پاکستان کے مسائل اور حل کا ادراک بھی رکھتے ہیں۔

## ایم کیوایم موروثی اور خاندانی نظام سیاست سے عوام کو نجات دلانا چاہتی ہے،بابر غوری،واہ کینٹ میں عوامی رابطہ مہم

واہ کینٹ:۔۔۔24/اپریل2010

حق پرست سینیٹرز و وفاقی وزیر جہاز رانی و بندرگاہیں بابر خان غوری نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم ملک سے موروثی اور خاندانی نظام سیاست کو ختم کرکے غریب لیکن ایماندار اور باصلاحیت مڈل کلاس کو اقتدار میں لاکر پاکستان کو خوشحال،فلاحی اور ترقی یافتہ ملک بنانے کی جدوجہد کررہی ہے۔وہ جمعہ کو واہ کینٹ میں 25اپریل کو راولپنڈی میں ہونے والے کنونشن کے حوالے سے جاری عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن سلیم بندھانی اور ضلع راولپنڈی کے انچارج ذوالفقار راجپوت،تحصیل انچارج ٹیکسلا افتخار احمد اور سندھ کے صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب خان موجود تھے۔وفاقی وزیر بابر خان غوری نے کہا کہ جب تک پاکستان میں غریب اور مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے ایماندار اور باصلاحیت افراد کی حکومت قائم نہیں ہوگی،اس وقت تک لوڈشیڈنگ،بیروزگاری سمیت دیگر مسائل سے عوام کو نجات نہیں مل سکتی۔انہوں نے کہا کہ جس دن مظلوم عوام میدان عمل میں آگئے،دنیا کی کوئی طاقت عوام کی طاقت کے سامنے نہیں ٹھہر سکے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا مقصد اور جدوجہد فرسودہ گلےسڑے جاگیردارانہ،وڈیرانہ استحصالی نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر عوام کو ایوان اقتدار میں لانا ہے۔ملک کے غریب اور متوسط طبقے کی امید صرف اور صرف ایم کیو ایم ہے جو موروثی اور خاندانی نظام سیاست سے عوام کو نجات دلانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام حق پرست ہیں اور وہ 25اپریل کو ملک کی سیاست میں اب ایک نیا باب رقم کریں گے۔

## رابطہ کمیٹی کے اراکین اور حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے الحمراء آرٹس کونسل مال روڈ لاہور کا دورہ کیا
## پنجاب کنونشن کے انتظامات کا جائزہ لیا،تیاریوں میں مصروف کارکنان کو الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا

لاہور۔۔۔24،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سلیم تاجک،سیف یار خان اور ڈاکٹر صغیر احمد نے ہفتہ کے روز الحمراء آرٹس کونسل مال روڈ لاہور کا دورہ کیا اور یہاں ایم کیو ایم کے تحت

25، اپریل بروز اتوار کو ہونے والے پنجاب کنونشن کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی رشید گوڈیل، سفیان یوسف، ایم کیوایم لاہور زون کے زونل انچارج رانا یونس اور زونل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے الحمراء آرٹس کونسل میں پنجاب کنونشن کی تیاریوں میں مصروف کارکنان سے فرداً فرداً ملاقات کی اورانہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین ک جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پرانہوں نے کنونشن کی تیاریوں میں حصہ لیا اور جھنڈے اور بینرز بھی آویزاں کئے۔ دورے کے موقع پر پنجاب کنونشن کی تیاریوں میں مصروف کارکنان سے بات چیت کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ پنجاب کی سرزمین پر پھیل رہا ہے اور اب صوبہ پنجاب کے لوگ ایم کیوایم کے مئوقف کو سننے کو تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کنونشن کا انعقاد ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کی تبدیلی کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

## رابطہ کمیٹی کا ملتان کے معروف صنعت کار اور ملتان چیمبر آف کامرس کے سابق سینئر وائس چیئرمین شمشاد جعفری سے ملاقات

## ہم دعا کرتے ہیں کہ سابق سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال ملتان سے الیکشن لڑے اور وہ بھی وزیراعظم کی سیٹ پر، سید شمشاد جعفری

ملتان۔۔۔24اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب اور افتخار اکبر رندھاوا نے ملتان کے معروف صنعت کار اور ملتان چیمبر آف کامرس کے سابق سینئر وائس چیئرمین شمشاد جعفری سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اس موقع پر ان کے ہمراہ ملتان پریس کلب کے صدر شکیل انجم بھی موجود تھے۔ جبکہ رابطہ کمیٹی کے ہمراہ حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست صوبائی وزراء بھی موجود تھے۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی سے گفتگو کرتے ہوئے شمشاد جعفری نے کہا کہ میں نے جناب الطاف حسین کی کتاب سفر زندگی بہت اچھی طرح پڑھی ہے اور ہمیں بے حد افسوس ہے کہ ہمارے آس پاس کوئی الطاف حسین جیسا لیڈر موجود نہیں لیکن اب یہ ہمارے لیے نیک شگون ہے کہ آپ لوگ ہمارے بیچ آ گئے ہیں۔ ایم کیوایم کا سب سے زیادہ تعرف ہم سے سابق سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے کرایا، ہم دعا کرتے ہیں کہ آپ کے مصطفیٰ کمال ملتان سے کھڑے ہوں اور وہ بھی وزیراعظم کی سیٹ پر۔ انہوں نے رابطہ کمیٹی سے درخواست کی کہ آپ لوگ جب بھی پنجاب میں الیکشن میں حصہ لیں تو سب سے پہلے ملتان سے حصہ لیں۔ انشاءاللہ آپ لوگوں کو اللہ تعالیٰ پنجاب میں ضرور کامیاب کرائیگا۔ وسیم آفتاب نے ان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی کراچی میں عوم کی عملی خدمت کر کے پاکستان کی دیگر سیاسی جماعتوں کو بھی اس بات پر مجبور کردیا ہے کہ اگر ان کو عوام کے بیچ میں رہنا ہے تو وہ بھی عوام کی صحیح معنوں میں خدمت کر کے رہ سکتے ہیں اور اب سیاست میں کام کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ رکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب اور افتخار اکبر رندھاوا نے شمشاد جعفری کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو آنے کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کر لی۔

## حق پرست ارکان قومی اسمبلی لاہور کی شاہ عالم کی جوتا مارکیٹ میں آتشزدگی کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوع پر پہنچ گئے

## متاثرہ دکانداروں، تاجروں سے ملاقات، نقصانات پر اظہار ہمدردی

لاہور۔۔۔24، اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی سفیان یوسف اور رشید گوڈیل لاہور میں واقع شاہ عالم کی جوتا مارکیٹ میں آتشزدگی کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوع پر پہنچ گئے۔ اس موقع پر ایم کیوایم لاہور زون کی زونل کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے متاثرہ تاجروں اور دکانداروں سے ملاقات کی اور آتشزدگی کے سبب ہونے والے ان کے نقصانات پر دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ دکانداروں اور تاجروں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے اور ان کی حکومتی سطح پر معاونت کی جائے۔ اس موقع پر انہوں نے متاثرہ عمارت کا دورہ کیا اور آگ بجھانے کی کارروائی کا جائزہ بھی لیا۔

## پنجاب کنونشن میں عوام اور میڈیا کی دلچسپی اس بات کی غماز ہے کہ اب پنجاب جاگ گیا ہے، وسیم آفتاب

## ملتان کے مقامی ہوٹل میں متحدہ کی جانب سے پرنٹ والیکٹرونک میڈیا کے نمائندوں اور کالم نگاروں کے اعزاز میں ظہرانہ

ملتان۔۔۔24اپریل2010ء

25اپریل کا دن پاکستانی تاریخ کا اہم ترین دن ہے اس دن لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں ہونے والا پنجاب کنونشن پاکستانی سیاست میں انقلابی ہلچل پیدا کردے گا۔ ان

خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب اور افتخار اکبر رندھاوا نے ایم کیو ایم کی جانب سے ملتان کے صحافیوں اور کالم نگاروں کے اعزاز میں ملتان کے مقامی ہوٹل ''رمادا'' میں منعقدہ ایک ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پران کے ہمراہ قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی آصف حسنین، صلاح الدین، فرحت خان، ڈاکٹر ایوب شیخ، شیخ صلاح الدین، حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی، خالد بن ولایت، زبیر احمد، وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ ظہرانے میں ملتان سے تعلق رکھنے والے پرنٹ والیکٹرونک میڈیا کے صحافیوں، کالم نگاروں اور نمائندگان حضرات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ رکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب نے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ہم یہاں عوام کو یہ سکھائیں کہ اب آپ ہی لوگوں آگے آنا ہے اور حکمرانی کرنی ہے۔انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 25 اپریل کو ایم کیو ایم کے تحت پنجاب کے شہر ملتان، لاہور اور راولپنڈی میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں عوام اور میڈیا کی دلچسپی اس بات کی غمازی ہے کہ اب پنجاب کے غریب مزدور، کسان اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے پوری طرح جاگ گئے ہیں اور وہ متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے جمع ہو کر استحصالی عناصر کے خلاف عملی جدوجہد میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوم عوام کی طرح پنجاب کے عوام بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا متفقہ قائد تسلیم کر چکے ہیں اور پنجاب کنونشن میں یہ بات پوری طرح عیاں کر دیں گے کہ پنجاب بھی ایم کیو ایم کا مضبوط قلعہ ہے اور یہاں کے عوام کے دل بھی الطاف حسین کیلئے دھڑکتے ہیں۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر سندھ رؤف صدیقی نے صحافیوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا الحاق سابق صدر پرویز مشرف کے ساتھ نہیں تھا اس بات کی واضح دلیل یہ ہے کہ جب وہ حکومت میں آئے تھے تو ملک بھر میں بلدیاتی انتخابات ہونے والے تھے کراچی میں ہمارا 100 فیصد ووٹ تھا لیکن پھر بھی ہم نے بلدیاتی انتخابات کا بائیکاٹ کیا، اسی طرح ہم نے ریفرنڈم کا بھی بائیکاٹ کیا تھا اور جب جنرل الیکشن ہوئے اور مسلم لیگ ق کی گورنمنٹ بنی تو ہم نے مسلم لیگ ق کے ساتھ الحاق کیا۔رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب اور افتخار اکبر رندھاوا نے ملتان کے صحافیوں سے اپیل کی کہ وہ ملتان میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں بھرپور انداز میں شرکت کریں اور ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم ومحکوم اور اپنے جائز حقوق سے پسے ہوئے عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے خلاف پھیلائے ہوئے منفی پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہوئے عوام کو سچائی دکھائیں۔

☆☆☆☆☆

## قائد تحریک الطاف حسین پاکستان کو بھی دنیا میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والا ملک بنا سکتے ہیں، وسیم آفتاب

## پنجاب کے عوام زیادتیوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں، سید شمشاد جعفری

## ملتان چیمبر آف کامرس کے سابق سینئر وائس چیئرمین سید شمشاد جعفری نے متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہونے کا اعلان کر دیا

ملتان۔۔۔24 اپریل 2010ء

ملتان شہر کے معروف صنعت کار اور ملتان چیمبر آف کامرس کے سابق سینئر وائس چیئرمین سید شمشاد جعفری نے متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہونے کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان انہوں نے ہفتہ کے روز ملتان پریس کلب میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس کے دوران کیا۔اس موقع پران کے ہمراہ رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب، افتخار اکبر رندھاوا، حق پرست صوبائی وزیر صنعت وتجارت رؤف صدیقی اور ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی بھی موجود تھے۔ سید شمشاد جعفری نے ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میں نے یہ فیصلہ اسی دن کر لیا تھا جب میں نے اس تحریک کا نام سنا تھا اور جناب الطاف حسین کی کتاب PICTORIAL BIOGRAPHY کا مطالعہ کیا۔ جناب الطاف حسین کی تحریک اس تحریک کا نام ہے جو یہ حوصلہ دیتی ہے کہ آپ اپنے ساتھ ہونے والے زیادتیوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں، اس تحریک میں شامل ہو کر آپ اس منزل کو چھو سکتے ہیں جس کی صرف تصور ہی کیا جا سکتا ہے۔ میں نے اس تحریک کو کراچی آتے جاتے بہت قریب سے دیکھا ہے اس تحریک کا راستہ روکنے کیلئے بہت سے لوگ کوششیں کریں گے اور خصوصاً پنجاب میں وہ سازشی عناصر یہ چاہیے گے کہ جو نعمتیں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کیلئے رکھی ہیں وہ کسی بھی طرح غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو نہ ملیں اور تمام کی تمام سہولتیں صرف 2 فیصد مراعات یافتہ طبقے کے پاس ہی رہ جائیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں وسائل کی کوئی کمی نہیں اگر کمی ہے تو وہ صرف وصرف مینجمنٹ کی ہے۔انہوں معرف شاعر اسد اللہ خاں غالب کا مشہور شعر پڑھ کر اپنے جذبات بیان کیے اور کہا کہ

رگوں میں ڈوڑنے پھرنے کے ہم نہیں قائل

جو آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو لہو کیا ہے

انہوں نے ملتان کے صحافیوں سے گزارش کی کہ جب بھی آپ کراچی جائیں تو غور سے دیکھیں کہ ایم کیوایم نے وہاں کیا نئی تاریخ رقم کی ہے۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے جس دن سے پنجاب میں تحریک کا کام شروع کیا ہم اسی دن سے یہ بات محسوس کررہے ہیں کہ پنجاب کے غیور اور باشعور عوام نے ایم کیوایم کے فکر و فلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی کو نہ صرف قبول کیا بلکہ جوق در جوق اس تحریک میں شامل بھی ہو رہے ہیں۔ایم کیوایم کے تحت ہونے والا یہ کنونشن پنجاب میں ایک نئے سفر کا آغاز ہے۔ایم کیوایم اس ملک کو بہتر تعلیمی اور صحت کا نظام،نوجوانوں کو روشن اور بہتر مستقبل کی ضمانت دیتی ہے اور پاکستان میں آزاد اور سستا آنصاف فراہم کرنے والی جدوجہد جو آچکی ہے اس کو عام عوام تک پہنچانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم پنجاب کے نوجوانوں کو اس بات کی گارنٹی دیتی ہے کہ پاکستان کی کسی بھی ایوانوں میں اگر کوئی ان کو پہنچا سکتا ہے تو وہ صرف اور صرف ایم کیوایم ہے۔جب ہم کراچی کو دنیا میں سب سے تیزی سے ترقی کرنا والا شہر بنا سکتے ہیں تو پورے پاکستان کو بھی دنیا میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والا ملک بنا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب تعمیری کام کیے بغیر سیاسی جماعتیں سیاست میں زندہ نہیں رہ سکتیں۔62 سالوں سے ہمارے ملک پاکستان کا یہ المیہ رہا ہے کہ ہمارے عوام کو پینے کا ایک گلاس صاف پانی تک نہیں دیا جاسکا۔25 اپریل کو ہونے والا پنجاب کنونشن اس نئے سفر کی ابتداء ہوگی جو پاکستان کو ترقی کی نئی منزل کی طرف لے جائے گا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لاہور،ملتان،ساہیوال،کہوٹہ،راول ڈیم،کھنہ اور شکریال میں طبّی امدادی کیمپس کا انعقاد

لاہور/راولپنڈی/ملتان۔۔۔24،اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے لاہور، ملتان،ساہیوال اور راولپنڈی کہوٹہ،راول ڈیم،کھنہ اور شکریال میں جمعرات کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فری میڈیکل کیمپس لگائے گئے۔میڈیکل کیمپس صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک جاری رہے جس میں امراض جلد، آنکھوں اور دانتوں کے اسپیشلسٹ،آرتھوپیڈک سرجن،جنرل سرجن اور جنرل فزیشن پر مشتمل ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم نے سینکڑوں لوگوں کا تفصیلی معائنے کیے اور مریضوں میں طبی امداد اور ادویات مفت فراہم کیں۔فری میڈیکل کیمپس پر بزرگوں،نوجوانوں،خواتین اور بچوں نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور بڑی تعداد میں کیمپس پہنچ کر استعفادہ کیا۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے طبّی سہولیات سے استعفادہ کرنے والے افراد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔انہوں نے کہا کہ آج تک کسی سیاسی جماعت نے اس طرح عوام کی خدمت نہیں کی جس طرح ایم کیوایم کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مسیحاؤں کی جماعت ہے جو نہ صرف عوام کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کررہی ہے بلکہ ملک سے کرپشن،مہنگائی،بے روزگاری اور لوڈشیڈنگ جیسے امراض کا خاتمہ چاہتی ہے۔دریں اثناء لاہور کے علاقے نین سکھ شاہدرہ،ملتان کے علاقے سمیجہ آبادیوسی 58 میں بھی میڈیکل کیمپ لگایا گیا جس میں سینکڑوں غریب مریضوں کا طبی معائنہ کیا اور ان میں مفت ادویات کی تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر وہاں موجود عوام نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی مکمل صحت یابی اور درازی عمر کیلئے خصوصی بھی دعا کی۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے رکن سلیم بٹ نے راول ڈیم ،کھنہ اور شکریال کے میڈیکل کیمپس کا دورہ کیا اور طبّی سہولیات کی فراہمی کے کاموں کا جائزہ لیا اور ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو شاباش دی۔انہوں نے مریضوں بھی فرداً فرداً ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔

☆☆☆☆☆

## 25 اپریل کو ملتان کے آرٹس کونسل میں ہونے والے کنونشن کی تیاریاں زور شور سے جاری

ملتان۔۔۔24 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25 اپریل کو ملتان میں ہونے والے پنجاب کنونشن کی تیاریاں زور شور سے جاری ہیں اس سلسلے میں ہفتہ کے روز رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم افتاب اور افتخار اکبر رندھاوا نے جلسہ گاہ کا دورہ کیا اور جلسے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،حق پرست صوبائی وزراء،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بڑی تعداد میں سارا دن جلسہ گاہ میں موجود رہے۔ایم کیوایم کے کارکنان آرٹس کونسل اور جلسہ گاہ کے چاروں طرف کی عمارتوں کو برقی قمقموں،پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچموں،تہنیتی پیغامات پر مبنی بینرز سے بڑی خوبصورتی کے ساتھ سجارہے ہیں اور جلسہ گاہ میں پنڈال اور اسٹیج کا کام تیزی سے جاری ہے۔دریں اثناء پورے ملتان شہر میں ایم کیوایم کی جانب سے بڑی تعداد میں پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین تصاویر لگائی جارہی ہیں۔آرٹس کونسل آف ملتان کے اطراف استقبالیہ کیمپ بھی لگائے گئیں ہیں جس میں حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی عوام کے رہنمائی کیلئے ہر وقت موجود ہیں۔

## غریب متوسط طبقے کی نمائندگی ایوانوں میں لاکرصحیح انقلاب برپا کریں گے،اقبال محمد علی

اسلام آباد۔۔۔24/اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی خاں نے کہا ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں 98 فیصدغریب متوسط طبقے کےحقوق کی فراہمی کو یقینی بنائے گے اورغریب متوسط طبقے کی نمائندگی ایوانوں میں لاکرصحیح انقلاب برپا کریں گے۔ وہ 25اپریل کوراولپنڈی میں ایم کیوایم کے ورکرز کنونشن کے سلسلہ میں سیکٹر G9میں منعقدہ کارزمیٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پرصوبائی تنظیمی کمیٹی کےرکن سلیم بندھانی،اپرپنجاب،زونل کمیٹی کےرکن کپٹن (ر)رحیم شاہ اوراسلام آباد کی ضلعی کمیٹی انچارج شہاب امیر بھی موجود تھے۔اقبال محمد علی خان نے راولپنڈی اسلام آباد کے کارکنوں اورعوام کے جوش وخروش کوسراہتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین 25اپریل کوراولپنڈی،ملتان اورلاہورمیں پنجاب کےغیورعوام سے براہ راست خطاب کرکےانہیں اہم پیغام دیں گے جو پورے ملک کی طرح پنجاب کی سیاست میں پاکستان کےاصل وارث غریب عوام کی آگہی اوران کےسیاست میں فعال کردار کی ایک نئی نوید ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کونمائندگی دیتی ہےاورانتخابی ٹکٹ دیگر جماعتوں کی طرح فروخت نہیں کرتی بلکہ محنت اوراہلیت کی بنیاد پرنمائندوں کوقوم اورملک کی خدمت کا موقع دیتی ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ وقت دورنہیں جب پنجاب میں غریب اورمتوسط طبقہ ایوان اقتدارمیں بیٹھ کرملک اورقوم کے لئے فیصلے کررہا ہوگا۔عوام موروثی سیاست اورفرسودہ نظام کوجڑے سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے ایم کیوایم میں شامل ہرکرعملی کردارادا کریں۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام لاہورکنونشن میں گوجرانوالہ زون سے ہزاروں کی تعداد میں کارکنان شریک ہوں گے،عنصرعلی بُٹر

## گوجرانوالہ زون سے قافلے کے شرکاءکوبحفاظت جلسہ گاہ پہنچانے اورواپسی کےانتظامات مکمل کرلیئے گئے

لاہور۔۔۔۔24،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام لاہورالحمرا ہال میں منعقدہونے والے پنجاب کنونشن میں گوجرانوالہ زون سے ہزاروں کی تعداد میں کارکنان اورعوام شریک ہوں گے۔ان خیالات کا اظہارایم کیوایم سنٹرل زون کےسیکرٹری اطلاعات عنصرعلی بُٹر نے ایم کیوایم سنٹرل آفس میں مختلف کمیٹیوں کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کنونشن میں ہزاروں افراد کی یقینی شرکت جناب الطاف حسین کے بڑھتے ہوئے نظریہ کا منہ بولتا ثبوت ہےاورکنونشن میں شریک ہونے والے ہزاروں افراد کی سیکورٹی ایم کیوایم کے کارکنان کی پہلی ترجیح ہوگی۔انہوں نے کہا کہ 25،اپریل کوزندہ دلان لاہورایم کیوایم کے کنونشن میں بھرپورانداز میں شرکت کرکے استحصالی سرمایہ دارانہ،جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کا جنازہ نکال دیں گے۔دریں اثناں اجلاس میں پنجاب کنونشن کےحوالے سےانتظامات کوحتمی شکل دے دی گئی۔

## ایم کیوایم کےسوگوارکارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔24/اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی 69 کے کارکن علی اسدی کے چھوٹے بھائی محمدرضوان،ایم کیوایم محمودآبادسیکٹر یوسی 5 کےسابق حق پرست کونسلرنسیم اختر کی والدہ مریم بیگم،ایم کیوایم ملیرسیکٹر یونٹ 95 کے کارکن محمد ندیم قریشی کے والداسلام الدین،ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن نادر کے والدعبدالجلیل خان،ایم کیوایم ناظم آباد گلبہارسیکٹر یونٹ 185 کے کارکن اصغرعلی کے والداختر حسین اورایم کیوایم ٹنڈوالہیارزون یونٹ ون اے کے کارکن شاہد بلوچ ایڈووکیٹ کی والدہ جمال خاتون کےانتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆